Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate __________

Sig. of Invigilator.__________

StudentBounty.com

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 25 منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف ر ب ر ج ر د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) مولانا حالی کو عربک سکول میں کتنے روپے ماہانہ تنخواہ ملتی تھی؟

الف۔ پچاس روپے ب۔ ساٹھ روپے
ج۔ اسی روپے د۔ نوے روپے

(ii) عمر کا کون سا حصہ انسان کی معلومات کو ترقی دے سکتا ہے؟

الف۔ ابتدائی ب۔ درمیانی
ج۔ آخری د۔ ہر حصہ

(iii) احسن مارہروی کے پڑھانے کا انداز کیسا تھا؟

الف۔ قدیم ب۔ جدید
ج۔ دوستانہ د۔ عالمانہ

(iv) 'نقدِ میر' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ میر تقی میر ب۔ خواجہ میر درد
ج۔ ڈاکٹر سیّد عبداللہ د۔ ڈاکٹر انعام الحق جاوید

(v) خواجہ حسن نظامی کس شہر میں پیدا ہوئے؟

الف۔ لاہور ب۔ سیالکوٹ
ج۔ علی گڑھ د۔ دہلی

(vi) انسان کی ساری عمر کسے ترتیب دینے میں بیت جاتی ہے؟

الف۔ دنوں کو ب۔ ناموں کو
ج۔ مہینوں کو د۔ اشیاء کو

(vii) فکر تونسوی نے کس میں بلند مقام حاصل کیا؟

الف۔ طنز و مزاح ب۔ انشائیہ
ج۔ سیاست د۔ تجارت

(viii) صحرا میں ہر روز کیا جنم لیتا ہے؟

الف۔ ایک نیا درخت ب۔ ایک نیا پھول
ج۔ ایک نیا ریگ زار د۔ ایک نیا ہرن

(ix) کافی کا جلا کسے پھونک پھونک کر پیتا ہے؟

الف۔ قہوہ ب۔ دودھ
ج۔ لسی د۔ چائے

(x) رحمان بابا بنیادی طور پر کس صنف کے شاعر ہیں؟

الف۔ غزل ب۔ نظم
ج۔ مثنوی د۔ قصیدہ

www.StudentBounty.com

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) ''ہاؤس آف کامن'' میں کس مسئلے پر بحث ہوئی؟

الف۔ مسئلہ کشمیر     ب۔ مسئلہ فلسطین

ج۔ مسئلہ ترکی     د۔ مسئلہ دہشت گردی

(xii) 'سیف الملوک' صنف کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ شاہنامہ     ب۔ افسانہ

ج۔ مثنوی     د۔ ناول

(xiii) میر حسن کی وجہ شہرت کیا ہے؟

الف۔ غزلیات     ب۔ قصائد

ج۔ ہجوگوئی     د۔ مثنوی سحرالبیان

(xiv) ولؔی دکنی نے کتنے برس تک اورنگ آباد میں تعلیم حاصل کی؟

الف۔ پانچ برس     ب۔ دس برس

ج۔ بیس برس     د۔ تیس برس

(xv) مصحفیؔ عمر بھر کس شہر میں مقیم رہے؟

الف۔ دہلی     ب۔ آگرہ

ج۔ بنارس     د۔ لکھنؤ

(xvi) غالبؔ کا سنِ وفات کیا ہے؟

الف۔ 1885ء     ب۔ 1869ء

ج۔ 1871ء     د۔ 1872ء

(xvii) مومن پیشے کے اعتبار سے کیا تھے؟

الف۔ جراح     ب۔ طبیب

ج۔ تاجر     د۔ اتالیق

(xviii) ' برگ نے ' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

الف۔ حسرتؔ موہانی     ب۔ اصغر گونڈوی

ج۔ جگرؔ مرادآبادی     د۔ ناصر کاظمیؔ

(xix) تجھی کو جو یاں جلوہ فرما نہ دیکھا     برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

درج بالا شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

الف۔ صنعتِ لف ونشر     ب۔ صنعتِ ایہام

ج۔ صنعتِ حسنِ تعلیل     د۔ صنعتِ تضاد

(xx) جب کوئی لفظ اپنے مجازی معنوں میں استعمال ہو اور اس کے حقیقی معنی بھی مراد لیے جاسکیں، تو اصطلاح میں اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ تشبیہ     ب۔ استعارہ

ج۔ کنایہ     د۔ مجازِ مرسل

---

برائے ممتحن:     کُل نمبر : 20     حاصل کردہ نمبر:



www.StudentBounty.com

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　　　　　　　　　کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2 - 1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اورواضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

**سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں:** **(10x3=30)**

(i) مولانا حالی تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کس طرح حوصلہ افزائی کرتے تھے؟

(ii) فرحت نے مولوی صاحب کی کون سی خامیوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(iii) نیاز فتح پوری کی اہم تصانیف کے نام لکھیے۔ (یا)

خواجہ حسن نظامی نے جھینگر کو کن خصوصیات کا حامل قرار دیا ہے؟ مختصراً لکھیے۔

(iv) استعارہ کی تعریف کریں اور ایک شعری مثال کے ذریعے ارکان کی نشاندہی کریں۔

(v) مشتاق یوسفی کے فن کے بارے میں مجنوں گورکھ پوری کی کیا رائے ہے؟

(vi) علامہ اقبالؒ نے کس کس زبان میں خطوط لکھے؟

(vii) مندرجہ ذیل تراکیب کی وضاحت کیجیے:

حالتِ زبوں ، باول نخواستہ ، اخلاقِ عالیہ (یا)

اپنے آپ پر اترانے والوں کو محمد بخشؒ کیا درس دیتے ہیں؟

(viii) مجازِ مرسل کی تعریف کریں اور ایک شعری مثال دیں۔

(ix) ردیف کی تعریف کریں اور ایک شعری مثال دیں۔

(x) مطلع کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔ (یا)

مقطع کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

**سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** **(1+1+4=6)**

الف۔ نظم درحقیقت ایک شاخِ گل ریز، فصاحت کی ہے۔جس طرح پھولوں کے رنگ و بو سے دماغ جسمانی تر و تازہ ہوتا ہے۔شعر سے روح تر و تازہ ہوتی ہے۔پھولوں کی بو سے مختلف خوشبویاں محسوسِ دماغ ہوتی ہیں۔کسی کی بو تیز ہے کسی کی بومست ہے۔کسی کی بو میں نفاست و لطافت ہے۔کسی میں سہانا پن،اسی طرح مضامین اشعار کا بھی حال ہے جس طرح پھول کو کبھی چمن میں، کبھی ہار میں، کبھی عطر کھینچ کر، کبھی عرق میں جا کر، کبھی دور سے، کبھی پاس سے مختلف کیفیتیں معلوم ہوتی ہیں۔اسی طرح مضامین شعری مختلف حالتوں اور مختلف عبارتوں میں رنگا رنگ کی کیفیتیں عیاں کرتے ہیں۔

ب۔ میں نے سوچا، بڑا تجربہ کار قاتل معلوم ہوتا ہے۔پیچھے سنا تھا کہ سرکار نے تمام بھکاریوں کو شہر بدر کر دیا ہے۔لیکن اب لگا کہ شہر میں جتنے قاتل کام کر رہے ہیں وہ سبھی بدر شدہ بھکاری ہوں گے۔روزی روٹی کے لیے انسان کبھی بھکاری بن جاتا ہے کبھی قاتل۔چلو، گندی اور فحش گالیوں کا آئیڈیا برا نہیں رہا۔اتنی جدوجہد کے بعد کم از کم ایک قاتل تو ملا۔جدوجہد ایمان داری سے کی جائے تو اس کا میٹھا پھل ضرور ملتا ہے، میرے لیے یہ بھکاری نہیں ہے، میٹھا پھل ہے۔

www.StudentBounty.com

**سوال نمبر۴:** **کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** (1+4=5)

الف۔ ہفت اقلیم میں اس دیں کا بجایا ڈنکا
تھا تری عام رسالت کا گرجتا بادل
دینِ اسلام تری تیغ دو دم سے چمکا
یا اٹھا قبلے سے دیتا ہوا کاندھا بادل
آستانے کا ترے دہر میں وہ رُتبا ہے
کہ جو نکلا تو جھکائے ہوئے کاندھا بادل

ب۔ نور آنکھ کا کہتے ہیں پسر کو
چشمک تھی نصیب اس پدر کو
خوش ہوتے ہی طفلِ مہ جبیں سے
ثابت یہ ہوا ستارہ بیں سے
پیارا یہ وہ ہے کہ دیکھ اسی کو
پھر دیکھ نہ سکیے گا کسی کو

**سوال نمبر۵:** **کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے:** (3+3+3=9)

الف۔ کسی نے مول نہ پوچھا دلِ شکستہ کا
کوئی خرید کے ٹوٹا پیالہ کیا کرتا

ب۔ کس سے محرومیٔ قسمت کی شکایت کیجیے
ہم نے چاہا تھا کہ مرجائیں، سو وہ بھی نہ ہوا

ج۔ قیامت مرتے دم آئی فغاں سے
جہاں لے کر چلے ہیں ہم جہاں سے

د۔ اسیران بلا کی حسرتوں کو آہ کیا کہیے
تڑپ کے اونچی ہوگئی دیوار زنداں کی

ہ۔ سادگی سے تم نہ سمجھے ترکِ دنیا کا سبب
ورنہ وہ درویش تھے پردے میں دنیا دار بھی

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

**سوال نمبر۶:** مہدی افادی کے اسلوبِ تحریر پر نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

'سفرِ نصیب' شعور اور احساس کے سفر سے عبارت ہے۔ تنقیدی نوٹ لکھیے۔

**سوال نمبر۷:** میاں محمد بخشؒ اور ان کے کلام پر نوٹ لکھیں۔ (10)

(یا)

میر حسن کی مثنوی نگاری پر نوٹ لکھیں۔

**سوال نمبر۸:** محسؔن کاکوروی کی نعتیہ شاعری پر نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

مولانا ظفؔر علی خاں کے حالاتِ زندگی لکھیے۔



www.StudentBounty.com